يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ۝

روزمرّہ کے اذکار

مرتب عبدالمنّان راسخ

ادارہ کتاب و حکمت فیصل آباد
0300-6686931,0321-7675931
Youtube Mian FSD 7410 Facebook Rasikh Rasikh

★ اللہ تعالیٰ کی زمین پر" دینِ اسلام "ایک ایسا مبارک اور پاکیزہ دین ہے کہ جسے قبول کرنے کے بعد مسلمان کی زندگی خیر و برکت اور سعادت کے ساتھ مالا مال ہوجاتی ہے......کوئی بھی انسان اگر اپنی زندگی میں راحت اور حلاوت حاصل کرنا چاہتا ہے تو اس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر ایمان لانے کے بعد مسنون اذکار اور مسنون دعاؤں کو اپنی زندگی کا معمول بنالے......جو مسلمان شب و روز اور روز مرہ کی مسنون دعاؤں کو معنی و مفہوم دل و دماغ میں تروتازہ رکھتے ہوئے پڑھتے رہتے ہیں اللہ تبارک وتعالیٰ ان کو ایسی لذت اور مٹھاس عطا کرتا ہے جو دنیا کے کسی کھانے یا مشروب سے بھی حاصل نہیں ہوتی......اس لیے آیئے......! آج ہی روز مرہ کی مسنون دعاؤں کو یاد کریں، صبح و شام کے اذکار پر پابندی کریں اور پھر ان ننھی منھی پاکیزہ دعاؤں کو سمجھ کر ہمیشگی کے ساتھ پڑھیں......اس سے جہاں دنیاوی زندگی کا لطف دوبالا ہوگا وہاں جنّت میں بھی آپ کے درجات کو بلند کردیا جائے گا۔

★ یاد رہے......! اس وقت مسلمانوں کے بگاڑ کی سب سے بڑی وجہ یہی ہے کہ وہ تعویذات کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی مسنون دعاؤں کو سوچ سمجھ کر پابندی کے ساتھ نہیں پڑھتے ،جس کی وجہ سے جہاں دل اللہ کی محبّت سے خالی ہوچکے ہیں وہاں اخلاقی گراوٹ اور فحاشی وعریانی اس قدر عروج پر ہے کہ مسلم معاشرے میں کبھی ان گھناؤنے جرائم کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا تھا۔

رات کے سوتے وقت کی دعا

باوضو بستر پر لیٹتے ہوئے آیۃ الکرسی، سورۃ البقرہ کی آخری دو آیات، آخری تینوں قل تین تین مرتبہ اور ہو سکے تو سورۃ الملک بھی پڑھ لیں اور پھر یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيَا (صحیح البخاری:6314)

''اے اللہ! تیرے نام سے ہی مرتا اور زندہ ہوتا ہوں۔''

یاد رہے...... ! 33 مرتبہ سبحان اللہ، 33 مرتبہ الحمدللہ اور 34 مرتبہ اللہ اکبر پڑھ کر سونا باعثِ اجر و ثواب اور راحت ہے۔

سو کر اٹھنے کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَحْيَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ

'''تمام تعریفات اس اللہ کے لیے جس نے ہمیں مارنے کے بعد زندہ کیا اور اسی کی طرف اٹھ کر جانا ہے۔'' (صحیح البخاری:7394) یاد رہے! اگر آپ بوقت تہجد بیدار ہوتے ہیں تو سورۂ آل عمران کے آخری رکوع کی سمجھ کر ضرور تلاوت کیا کریں بہت نور حاصل ہوگا۔

بیت الخلا میں جانے کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

''اللہ کے نام کے ساتھ، اے اللہ! میں تیری حفاظت میں آتا ہوں خبیث جنوں اور خبیث جننیوں سے۔'' (صحیح البخاری:142، صحیح مسلم:375)

بیت الخلا سے نکلنے کی دعا

غُفْرَانَكَ

”اے اللہ! میں تیری بخشش کا طلبگار رہوں“ (سنن ابی داود:142،صحیح مسلم:375)

گھر سے نکلنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

”اللہ کے نام سے (نکلتے ہوئے) میں اللہ پر بھروسہ کرتا ہوں نہیں ہے نیکی کرنے کی طاقت اور نہ گناہ سے بچنے کی قوت مگر اللہ کی مدد سے۔“ (سنن ابی داود:5095)

گھر میں داخل ہوتے وقت

بِسْمِ اللّٰهِ (صحیح مسلم:103/2018)

مسجد میں داخل ہوتے وقت کی دعا

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ (صحیح مسلم:713)

”اے اللہ! میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔“

مسجد سے نکلتے وقت کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ (صحیح مسلم:713)

اذان کے اذکار

جو شخص اذان کے جواب میں انہی کلمات کو دہرائے البتہ حی علی الصلاۃ اور حی علی الفلاح کے جواب میں

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

”اللہ کی توفیق کے بغیر نہ (گناہ سے بچنے کی) طاقت ہے اور نہ (نیکی کرنے کی) قوت ہے۔“ (صحیح البخاری:613،صحیح مسلم:385)

کہے اوراس کے بعد نبی ﷺ پر درود پڑھ کر درج ذیل دعا پڑھے وہ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شفاعت کا حقدار ٹھہرے گا۔ (صحیح مسلم: 384)

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّآمَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَآئِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِىْ وَعَدتَّهٗ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ

”اے اللہ! اس کامل پکار اور اس قائم ہونے والی نماز کے رب! محمد ﷺ کو وسیلہ اور فضیلت عطا فرما اور جس مقامِ محمود کا آپ سے وعدہ کیا ہے اس پر فائز فرما۔ بلاشبہ تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔“ (صحیح البخاری: 614)

بازار میں داخل ہوتے وقت

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ (طبرانی: 793 امام شوکانی والبانی نے بھی حسن کہا ہے)

”اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت اور اسی کی ہی سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر مکمل قدرت رکھتا ہے۔“

کھانا کھانے کا ذکر

بِسْمِ اللّٰهِ

شروع میں پڑھنا بھول جائیں تو (یاد آنے پر)

بِسْمِ اللّٰهِ فِىْ اَوَّلِهٖ وَاٰخِرِهٖ (سنن ترمذی: 1858)

”اللہ کے نام سے اس کے شروع اور اس کے آخر میں۔“

کھانا کھانے سے فارغ ہونے پر دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنِیْ هٰذَا وَرَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ (سنن ابی داود:4023،سنن ترمذی:3458)

”سب تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا اور وہ رزق عطا کیا جس میں میری کسی طاقت اور ہمت کا کوئی عمل دخل نہیں۔“

کھانا کھلانے والے کیلئے مہمان کی دعا

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِیْمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ

”اے اللہ! جو تو نے ان کو رزق عطا کر رکھا ہے اس میں برکت عطا فرما، انھیں معاف فرما اور ان پر رحم کر۔“ (صحیح مسلم:2042)

چھینک کی دعا

جب کسی کو چھینک آئے تو وہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اور سننے والا اس کے جواب میں یَرْحَمُكَ اللّٰهُ ”اللہ تجھ پر رحم کرے۔“ کہے۔ پھر چھینک لینے والا یَهْدِیْكُمُ اللّٰهُ وَیُصْلِحُ بَالَكُمْ کہے۔

”اللہ تمھیں ہدایت دے اور تمہاری حالت درست فرمائے“ (بخاری:6224)

جسم میں تکلیف کی دعا

درد کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر تین مرتبہ ”بسم اللہ“ پڑھیں اور سات مرتبہ یہ دعا پڑھیں: اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا

أَجِدُ وَأُحَاذِرُ ''میں اللہ تعالیٰ کی عزت اور قدرت کی پناہ لیتا ہوں اس تکلیف کے شر سے جو میں محسوس کررہا ہوں اور جس سے میں ڈرتا ہوں۔'' (مسلم:2202)

غصہ کے وقت کی دعا

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

''میں شیطان مردود سے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں۔'' (صحیح بخاری:6115)

مصیبت زدہ کو دیکھ کر دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا (سنن الترمذی:3431)

''تمام تعریف اس اللہ کے لیے ہے جس نے مجھے اس مصیبت سے بچایا جس میں تجھے مبتلا کیا اور اس نے مجھے اپنی بہت سی مخلوق پر فضیلت عطا کی۔''

مجلس سے اٹھنے کا ذکر

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ۔ (سنن ابی داود:4859،ترمذی:3433)

''اے اللہ! تو اپنی تعریف کے ساتھ پاک ہے میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں تیرے سوا کوئی الہ نہیں، تجھ ہی سے گناہوں کی معافی کا طلب گار ہوں اور تیری طرف ہی رجوع کرتا ہوں۔''

مریض کی عیادت کرتے وقت کی دعا

لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ

"کوئی مسئلہ نہیں، اللہ نے چاہا تو یہ بیماری آپ کو گناہوں سے پاک کر دے گی۔" (بخاری:5656)

مصیبت کے وقت کی دعا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ، اَللّٰھُمَّ اْجُرْنِیْ فِیْ مُصِیْبَتِیْ وَاخْلُفْ لِیْ خَیْرًا مِّنْھَا

"بے شک ہم اللہ کے لیے ہیں اور ہم اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ اے اللہ! مجھے میری مصیبت میں اجر عطا فرما اور مجھے اس کا بہتر بدلہ عطا فرما۔" (صحیح مسلم:918)

بارش کی دعا اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا، اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا، اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا

"اے اللہ! ہم پر بارش برسا، "اے اللہ! ہم پر بارش برسا، "اے اللہ! ہم پر بارش برسا، (صحیح بخاری:1014، صحیح مسلم:897)

مرغ کی آواز سن کر مرغ کی آواز سن کر اللہ کا فضل مانگیے کیونکہ مرغ اس وقت فرشتے کو دیکھتا ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ

"اے اللہ! میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔" (صحیح بخاری:3303)

گدھے کی آواز سن کر گدھا شیطان کو دیکھ کر آواز نکالتا ہے لہٰذا جب آپ گدھے کی آواز سنیں تو اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھیں۔ "میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں شیطان مردود سے۔" (صحیح بخاری:3303)

بیوی کے پاس آنے کی دعا بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ جَنِّبْنَا الشَّیْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّیْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا "اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ، اے اللہ! ہمیں شیطان سے محفوظ رکھ اور جو (اولاد) تو ہمیں عطا فرمائے اسے بھی شیطان سے بچا۔" (صحیح بخاری 3271)